© rasailojaraid.com

پر بیٹھی تھیں کہ اُن کی ساڑھی پہیے میں اُلجھ گئی اور وہ گر کر سکوٹر کے ساتھ گھسٹتی چلی گئیں۔ جب کہ بدن سے ساڑھی کا زیادہ حصّہ الگ ہو چکا تھا۔ اب ان چیزوں سے اُونچی ایڑی اور ساڑھی کے خلاف دلیل بازی معقول بات نہ ہوتی۔ اِسی طرح سڑک یا کارخانے یا مشینوں کے ہر ایکسیڈنٹ میں کوئی ایسی وجہ شامل ہوتی ہے جسے کوئی چاہے تو مستقل اُصولی دلیل بنالے۔

بہر حال آپ نے جو محنت کی ہے، اس کو سامنے رکھ کر کام کا نیا نقشہ بنایئے۔

---

**بہادروں کی کہانیاں** | از جناب سیّد نظر زیدی (رفیق ادارہ معارف) منصورہ، لاہور۔

ناشر: ادارہ بتول۔ لاہور۔ کاغذ، طباعت، ٹائیٹل مناسب۔ قیمت: ۱۲/- روپے

سیّد نظر زیدی کے قلم کی تخلیق کردہ دُنیا میں خاصا بڑا حصّہ بچوں کے لیے خاص ہے۔ بہادروں کی کہانیاں بھی بچوں ہی کے لیے لکھی گئی ہیں۔ اِس کتاب میں ۲۷ کہانیاں ہیں، جو مسلم طرزِ فکر سے لکھی گئی ہیں۔ اور ہر کہانی ہماری تاریخ کا کوئی ورق ہے اور ہر کردار وہیں سے لیا گیا ہے۔ یہ کہانیاں معلومات بھی دیتی ہیں، جذبات بھی پیدا کرتی ہیں اور بچوں کے لیے دلچسپی بھی اپنے اندر رکھتی ہیں۔

---

**انصاف (اشاعت خصوصی)** | زیر سرپرستی ڈاکٹر محمد یونس صاحب۔ باہتمام: روہنگیا سالیڈیریٹی آرگنائزیشن، اراکان برما۔ زرِ تعاون (شاید خاص اس ضخیم شمارہ کے لیے، پاک و ہند -/۶ روپے۔

عربی اُردو زبانوں میں ملا جلا یہ دو ماہی رسالہ اراکان کی اسلامی تحریک کا ترجمان ہے۔ اور ہر شمارہ مسلمانِ برما کے مصائب کا وثیقہ ہوتا ہے۔ دُنیا کے جن چند خطوں میں مسلمان سخت مشکل میں مبتلا ہیں۔ اُن میں سے ایک برما کا علاقہ بھی ہے۔ اِس خاص نمبر میں عالم اسلام کے متعلق اور بھی بہت سے احوال درج ہیں۔ اور مفید معلومات شامل ہیں۔

---

© rasailojaraid.com